**26.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................... فیصل خان

**Music**

------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک میں ہی تیار کردہ گجرات میں بیٹری الیکٹرک گاڑیوں اور ہائی برڈ بیٹری **Electrodes** کی شروعات کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے میک اِن انڈیا کے سفر میں ایک نئے باب کا آغاز ہوا ہے۔

☆ چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انل چوہان نے کہا ہے کہ بھارت کا اپنا **Iron Dome Sudarshan Chakra** ایک شیلڈ اور تلوار کے طور پر کام کرتے ہوئے تمام کلیدی نوعیت کے مقامات کا تحفظ کرے گا۔

☆ بھارت کی بحریہ آج وشاکھاپٹنم میں جدید قسم کے چھوٹے جنگی جہازوں **Udaygiri** اور **Himgiri** کو پانی میں اتارے گی۔

☆ انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے دلی میں اسپتال کی تعمیر سے وابستہ گھپلے کے سلسلے میں دلی کے صحت کے محکمے کے سابق وزیر سوربھ بھاردواج کے ٹھکانوں پر چھاپے مارے ہیں۔

☆ مانسون کی بارش نے جموں کشمیر، پنجاب اور ہماچل پردیش میں تباہی پھیلا دی ہے کہ کیونکہ بڑے دریاؤں میں طغیانی آ گئی ہے۔ حکام نے سیلاب سے خبردار رہنے کو کہا ہے اور عوام کو مشورہ دیا ہے کہ وہ محفوظ جگہوں پر چلے جائیں۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

PM Gujarat Visit

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ بھارت کے ''میک ان انڈیا'' کے سفر میں ایک نئے باب کا اضافہ ہورہا ہے اور ''میک ان انڈیا'' اور ''**Make For The World**'' کے مقاصد کے حصول کے سلسلے میں ایک اہم دن ہے۔ گجرات میں **TDS Lithuim-Ion Battery** پلانٹ میں **Hybrid Battery Electrodes** کی تیاری کا افتتاح کرنے کے بعد ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ یہ موقع بھارت اور جاپان کے درمیان دوستی کو ایک نئی جہت بھی فراہم کرتا ہے۔

**SB - PM Make in India**

جناب مودی نے کہا کہ بھارت کے پاس جمہوریت کی طاقت ہے اور آبادی اور بڑی تعداد میں ہنر یافتہ افراد موجود ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس کی وجہ سے بھارت کے کسی بھی ساجھے دار کو فائدہ پہنچتا ہے۔ انہوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ **Maruti Suzuki** جیسی کمپنیاں ''میک ان انڈیا'' کی برانڈ **Ambassadors** بن گئی ہیں۔

**SB - PM - M - Suzuki**

اِس سے پہلے آج وزیر اعظم نے گجرات کے **Hansalpur** سے بھارت میں تیار **Battery Electric** موٹر گاڑی **E-Vitara** کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ یہ موٹر گاڑیاں یوروپ اور جاپان جیسی اہم منڈیوں سمیت **100** سے زیادہ ملکوں میں برآمد کی جائیں گی۔

ماحولیات کو نقصان نا پہنچانے والی توانائی میں خود کفالت کی جانب ایک بڑا قدم اُٹھاتے ہوئے وزیر اعظم نے **Hansalpur** میں واقع **TDS Lithium-Ion Battery Plant** میں **Hybrid Battery Electrodes** کی مقامی طور پر تیاری کے ساتھ بھارت کے **Battery** ایکوسسٹم کے اگلے مرحلے کا بھی آغاز کیا۔×

CDS - Ran Samwad

چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انل چوہان نے کہا ہے کہ بھارت کا اپنا **Iron Dome Sudarshan Chakra** نظام شیلڈ اور ایک تلوار کے طور پر تمام کلیدی، غیر فوجی اور قومی اہمیت کے حامل مقامات کا تحفظ کرے گا۔ انہوں نے یہ بات آج مدھیہ پردیش میں **Army War** کالج میں تینوں فوجوں کے جنگ اور جنگی حربوں کے موضوع پر دو روزہ **RAN SAMWAD-2025** سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب چوہان نے کہا کہ ہمارا یہ نظام ایک مضبوط اور پائیدار طریقۂ کار کو بڑھاوا دے گا اور دشمن کی فضائی قوت اور داؤپیچ کو ناکام بنائے گا۔

**SB- CDS RAN Samwad**

جنرل چوہان نے آپریشن سندور کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک جدید قسم کی لڑائی تھی اور اِس سے ہم نے بہت سے سبق سیکھے ہیں اور اِن میں سے کچھ پر پہلے ہی عمل کیا جاچکا ہے اور بعض دوسروں پر کام چل رہا ہے۔ جنرل چوہان نے پھر کہا کہ بھارت ایک امن پسند ملک ہے لیکن ساتھ ہی خبردار کیا کہ طاقت کے بغیر امن محض خیالی ہے۔×

Indian NAVY Uday

بھارت کی بحریہ آج وشاکھاپٹنم میں اپنی جدید طرز کی **Stealth** چھوٹے بحری جنگی جہازوں **Udaygiri** اور **Himgiri** کو پانی میں اتارے گی۔ **P-17A** طرز کا جنگی جہاز لگ بھگ **6** ہزار **700** ٹن کا ہے جو پہلے کے **Shivalik** طرز کے جہاز کے مقابلے میں کچھ زیادہ بڑا ہے۔ تقریب کی صدارت وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کریں گے۔×

Bihar Cabinet

بہار میں ریاستی سرکار نے بہار میں صنعتی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کی غرض سے **2025** کے لیے ایک پیکیج کی منظوری دی ہے۔ اسکیم کے تحت سرمایہ کاروں اور اُن صنعت کاروں کو، جو نئی صنعتیں قائم کریں گے، انہیں قرضے میں رعایت، آراضی سے وابستہ دوسری سہولیات اور بہت سی ترغیبات دی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی صدارت میں آج کابینہ میٹنگ میں اِس پیکیج کی منظوری دی گئی تھی۔ صنعتیں قائم کرنے کی غرض سے سرمائے پر **30** فیصد تک سبسیڈی دی جائے گی۔×

ED Saurabh Bhardwaj

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ، دلی سرکار کے صحت کے سابق وزیر سوربھ بھاردواج کی رہائش گاہ سمیت دلی **NCR** میں **13** مختلف مقامات پر تلاشی کی کارروائی کررہی ہے۔ یہ کارروائی دلی کے اسپتال کی تعمیر میں گھپلے سے متعلق ایک معاملے میں کی جارہی ہے۔ اِس سے پہلے دلی پولیس کی بدعنوانی مخالف برانچ نے اِس سلسلے میں پرائیویٹ کنٹریکٹرس اور سرکاری عہدیداروں سمیت سوربھ بھاردواج کے خلاف ایک **FIR** درج کی تھی۔ ایجنسی نے کہا ہے کہ یہ کارروائی صحت بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں بڑے پیمانے پر بدعنوانی، لاگت میں نامناسب اضافے اور فنڈ کی خرد برد کے سلسلے میں **FIR** میں درج الزامات کی چھان بین کے دوران اکٹھا کئے گئے مواد کی بنیاد پر کی جارہی ہے۔×

J&K Cybersecurity

جموں کشمیر میں سائبر سکیورٹی کو مستحکم کرنے کی غرض سے مرکز کے زیر انتظام علاقے کی سرکار نے تمام اضلاع میں سِول سکریٹریٹ اور ڈپٹی کمشنروں کے دفتروں میں سبھی انتظامی محکموں میں سرکاری آلات میں پین ڈرائیوز کے استعمال پر روک لگانے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومت نے ایک حکم میں کہا ہے کہ وہاٹس ایپ اور سرکاری یا خفیہ مواد کو اکٹھا کرنے یا شیئر کرنے کیلئے **iLovePDF** جیسی غیر محفوظ خدمات جیسے پبلک **Messaging** پلیٹ فارمس کے استعمال پر پابندی لگا دی گئی ہے تاکہ ڈیٹا کا تحفظ کیا جاسکے۔ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ کے کمشنر سکریٹری کی جانب سے جاری کئے گئے حکم میں کہا گیا ہے کہ یہ فیصلہ مرکز کے زیر انتظام علاقے میں سائبر سکیورٹی میں اضافہ کرنے، حساس سرکاری معلومات کے تحفظ اور ڈیٹا چوری کے خطرے کو کم کرنے اور غیر مجاز رسائی کو روکنے کی غرض سے کیا گیا ہے۔×

Combined Flood

جموں و کشمیر میں، جموں خطے کے مختلف علاقوں میں کل رات سے شدید بارش ہورہی ہے۔ پورے جموں خطے میں تمام بڑے ندی نالوں میں پانی کی سطح تیزی سے بڑھ گئی ہے۔ اِن میں سامبا میں **Basantar**، کٹھوعہ میں راوی، ڈوڈا میں چناب، اودھم پور میں جموں، توی، رام بن اور کشتواڑ شامل ہیں۔ اِس کے پیش نظر انتظامیہ نے آفات سے نمٹنے والی ٹیموں اور مقامی پولیس سے خبردار رہنے کو کہا ہے۔

اُدھر پنجاب اور ہماچل پردیش کے کئی حصوں میں لگاتار بارش کی وجہ سے راوی، بیاس اور ستلج دریاؤں میں طغیانی آگئی ہے۔ جس کے سبب فاضلکا، گرداس پور، ہوشیار پور، کپورتھلا اور فیروز پور کے بہت سے گاؤوں میں سیلاب آگیا ہے۔×

Bihar Flood Alert

مرکزی آبی کمیشن نے بہار میں پٹنہ اور بھاگلپور سمیت کئی مقامات پر دریائے گنگا کے پانی کی سطح میں تیزی سے اضافے سے متعلق اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ کمیشن نے کئی علاقوں میں پانی بھرجانے کے بارے میں بھی وارننگ جاری کی ہے کیونکہ آج صبح پانی کی سطح خطرے کے نشان کو پار کرگئی۔ اپنے خصوصی بلیٹن میں کمیشن نے کہا ہے کہ دریائے گنگا کے پانی کی سطح کئی مقامات پر خطرے کے نشان کو پار کرگئی ہے، لہٰذا لوگوں کو احتیاط برتنے اور چوکس رہنے کی ضرورت ہے۔ کمیشن کے مطابق پٹنہ میں گاندھی گھاٹ اور **Hathidah** میں دریا کے پانی کی سطح خطرے کے نشان سے اوپر ہوگئی ہے۔ آج صبح **Azamabad** اور بھاگلپور کے کھلگاؤں میں بھی دریا کی سطح خطرے کے نشان کے قریب پہنچ گئی۔×

Typhoon Kajiki

شمالی اور وسطی ویتنام میں **Kajiki** طوفان کی وجہ سے کم از کم **3** افراد کی موت ہوگئی اور **10** دوسرے زخمی ہوئے ہیں۔ اِس طوفان کی وجہ سے تیز و تند ہوائیں چلی، موسلادھار بارش ہوئی اور بڑے پیمانے پر سیلاب آنے کی اطلاع ملی ہے۔ ویتنام کی زراعت اور ماحولیات کے وزارت کے مطابق اِس بھیانک طوفان سے **6** ہزار **800** سے زیادہ مکانوں کو نقصان پہنچا، لگ بھگ **31** ہزار ہیکٹر میں فصل بھی ضائع ہوگئی اور **18** ہزار درخت گر گئے۔ بجلی کی سپلائی پر بھی اِس طوفان کا بہت برا اثر پڑا ہے۔ بجلی کے **331** کھمبے پانی میں ڈوب گئے اور **10** لاکھ سے زیادہ افراد کے لیے بجلی کی فراہمی بند ہوگئی ہے۔ وسطی خطے میں ہوائی جہازوں اور ریل گاڑیوں کی آمد و رفت معطل کردی گئی ہے۔×

Kerela - Atham

کیرالہ کے لوگ آج **Atham** منا رہے ہیں۔ یہ اونم تہوار کا باضابطہ آغاز ہے۔
تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ............

**VC- Smithy**

***Atham*** *سے کیرالہ میں اونم تقریبات کا آغاز ہوگیا ہے۔ آج سے لوگوں نے اپنے گھروں کے سامنے* ***Athapookklams*** *یعنی پھولوں کی قالین بنانا شروع کر دیا ہے۔ یہ سلسلہ* ***Thiruvonam*** *تک جاری رہے گا۔* ***Tripunithura*** *میں آج مشہور* ***Athachamayam*** *پریڈ نکالی جارہی ہے۔ کیرالہ کی مالامال ثقافت اور ورثے کو اجاگر کرنے والے روایتی آرٹ کی مختلف شکلیں رنگا رنگ پریڈ کا حصہ ہوں گی۔*

***Athachamayam*** *کے ساتھ ہی ریاست بھر میں تہوار کا پرجوش ماحول پیدا ہوگیا ہے۔ حکومت کے زیر انتظام اونم کے میلے بھی جاری ہیں۔ کیرالہ کے شہریوں نے سال کے اپنے سب سے بڑے تہوار کا خیر مقدم کیا ہے۔*

*تھرووننت پورم سے اسمیتھی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں رضی احمد*

US Open

امریکی اوپن میں Carlos Alcaraz نے شاندار شروعات کرتے ہوئے امریکی کھلاڑی Reilly Opelka کو سیدھے سیٹوں میں چھ-چار، سات-پانچ، چھ-چار سے ہرا دیا۔ اب دوسرے دور میں Alcaraz کا مقابلہ اٹلی کے Mattia Bellucci سے ہوگا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆